www.KitaboSunnat.com



اور سنن نسائی کی روایت میں حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث میں اس کی تعبیر حلق العانة کے ساتھ کی گئی ہے نیز صحیح مسلم میں حضرت عائشہؓ اور انسؓ کی روایات میں بھی ایسی ہی تعبیر ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: المراد بالعانة الشعر الذي فوق ذكر الرجل وحواليه وكذا الشعر الذي حوالي فرج المرأة یعنی العانة سے مراد وہ بال ہیں جو مرد کے ذکر پر اور ارد گرد ہوتے ہیں اور اسی طرح وہ بال جو عورت کی شرمگاہ کے گرد ہوتے ہیں، اُن پر بھی العانة کا اطلاق ہوتا ہے۔

امام نوویؒ وغیرہ نے فرمایا: شعر العانة کے بارے میں مرد اور عورت کے لیے صفائی کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ بالوں کو اُسترے سے مونڈا جائے چنانچہ صحیح حدیث میں حضرت جابرؓ سے نبی کریم ﷺ کا یہ حکم مروی ہے کہ "رات کے وقت سفر سے واپس عورتوں کے پاس مت آؤ یہاں تک کہ پراگندہ حالت والی کنگھی کرلے اور شوہر کو غیر حاضر پانے والی زیر ناف بال صاف کرلے"۔

اصل سنت ہر اس چیز سے ادا ہو جائے گی جس سے بالوں کی صفائی حاصل ہو جائے۔ مطلب یہ ہے کہ لوہے اور غیر لوہے وغیرہ سب کا استعمال جائز ہے بشرطیکہ صفائی حاصل ہو جائے کیونکہ اصل مقصد یہی ہے۔ آلات کو محض ثانوی حیثیت حاصل ہے۔

☆ عید کے موقعہ پر جماعت کی صورت میں صلاة التسبيح پڑھنا کیسا ہے؟...... بالخصوص عورتوں کے لیے۔

جواب: عام حالات میں صلاۃ التسبیح پڑھنا سنت سے ثابت ہے لیکن عید کے موقعہ پر بالخصوص جماعت پڑھنا سنت سے ثابت نہیں۔

☆ کیا عورت اپنے قریبی رشتہ دار سے ہاتھ ملا سکتی ہے۔ پردہ کن سے کرنا ضروری ہے اور چہرہ کے پردے کے بارے میں وضاحت فرمائیں؟

جواب: عورت اپنے شوہر سے اور دیگر خواتین بھی اپنے محرموں سے مصافحہ کر سکتی ہیں لیکن عورت کیلئے غیر محرم سے مصافحہ کرنا منع ہے۔ حدیث میں نبی کریم کا فرمان ہے: إني لا أصافح النساء "میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔" عورت محرموں کے علاوہ دوسرے لوگوں سے پردہ کرے محرموں کی تفصیل سورۃ النور اور سورۃ الاحزاب اور موضوع سے متعلقہ احادیث میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

چہرے کے پردے کے بارے میں: واقعۂ إفك (بروایت صحیح بخاریؒ) میں حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ "جب میں نے صفوان بن معطل کی آواز سنی تو میں نے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا اور حجاب کا حکم نازل ہونے سے پیشتر اس نے مجھے دیکھا تھا۔" یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آیت حجاب نازل ہونے کے بعد عورتیں اپنے چہروں کو ڈھانپ لیا کرتی تھیں۔


محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ